**22.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......... اسلم بیگ

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے، بھارت کی پہلی نمو بھارت RRTS کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا اور میرٹھ میں دلّی–میرٹھ نمو بھارت راہداری کو ملک کے نام وقف کیا۔ انھوں نے کہا کہ اترپردیش اور پورا ملک، عالمی درجے کے بنیادی ڈھانچے کے اِس نئے دور کی طرف دیکھ رہا ہے۔

☆ وزیر اعظم مودی نے آکاشوانی پر اپنے 'من کی بات' پروگرام میں کہا کہ دنیا کیلئے یہ ایک نیا موڑ ہے کہ AI کی طاقت کو مستقبل میں کیسے استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ جموں وکشمیر کے کشتواڑ ضلعے میں حفاظتی دستوں کے ساتھ جھڑپ میں تین دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔

☆ دلّی پولیس نے، لشکر طیبہ سے تعلق رکھنے والے دہشت گرد گروپ کا پتہ لگایا ہے۔ اِس سلسلے میں آٹھ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔

☆ خواتین کرکٹ میں، انڈیا A نے، بینکاک میں ایشیا کپ رائزنگ اسٹارس جیت لیا ہے۔

☆ اور مردوں کے ٹی–ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں، احمدآباد میں سُپر 8مقابلے میں جنوبی افریقہ نے بھارت کے سامنے 188رن کا نشانہ رکھا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Eve PM Meerut**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سہ پہر اترپردیش کے میرٹھ میں شتابدی نگر Namo بھارت اسٹیشن پر میرٹھ میٹرو اور Namo بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ جناب مودی نے میرٹھ ساؤتھ اسٹیشن تک میٹرو ریل کا سفر بھی کیا اور طلبہ اور مسافروں کے ساتھ بات چیت بھی کی۔

وزیر اعظم نے 82 کلو میٹر دلّی–میرٹھ Namo بھارت راہداری کو قوم کے نام وقف کیا اور بھارت کے پہلے Namo بھارت ریجنل ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم، RRTS کے باقی سیکشنز کا بھی افتتاح کیا۔ 180 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار کے ساتھ Namo بھارت، بھارت کا پہلا علاقائی تیز رفتار راہداری نظام ہے، جو تیز رفتاری کے ساتھ صاحب آباد، غازی آباد، مودی نگر جیسے بڑے شہروں کو دلّی سے جوڑ رہا ہے۔بعد میں وزیر اعظم مودی نے میرٹھ میں

تقریباً 12ہزار 930 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور اُنھیں قوم کے نام وقف بھی کیا۔

میرٹھ کے ساتھ اپنے خصوصی رشتے کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی 2014، 2019اور 2024 میں قومی انتخابی مہم، اِس انقلابی سرزمین سے ہی شروع ہوئی تھی۔ انہوں نے علاقے کے کسانوں، دستکاروں اور صنعتکاروں کا اُن کے لگاتار آشیر واد کیلئے بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ 2014سے پہلے میٹرو خدمات صرف پانچ شہروں تک ہی محدود تھیں، لیکن اب میٹرو، 25سے زیادہ شہروں میں چلائی جا رہی ہیں، جس سے بھارت، دنیا میں تیسرا سب سے بڑا ریل نیٹ ورک بن رہا ہے۔

**S/B: PM on Metro Slow Moving**

وزیر اعظم نے کانگریس کی اِس بات کیلئے تنقید کی کہ اُس کی نوجوان شاخ کی جانب سے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026میں احتجاج کیا گیا۔ جناب مودی نے کہا کہ آج پورا ملک، اِس حرکت کیلئے کانگریس پارٹی کی مذمت کررہا ہے لیکن بدقسمتی سے شرم محسوس کرنے کی بجائے ایک بہت پرانی پارٹی کے لیڈران ڈھٹائی سےفخر محسوس کرر ہے ہیں۔وزیر اعظم مودی نے کہا کہ اترپردیش کو ایک مینوفیکچرنگ ہب میں تبدیل کیا جا رہا ہے اور حال ہی میں ریاست کی پہلی سیمی کنڈکٹر فیکٹری کیلئے بنیاد بھی ڈال دی گئی ہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ترقی یافتہ اترپردیش، ایک ترقی یافتہ بھارت کیلئے ضروری ہے۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ آج جن پروجیکٹوں کا آغاز کیا گیا ہے، اس سے ریاست کے عوام کو زبردست فائدہ پہنچے گا۔

## PM Mann Ki Baat Story

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اعتماد ظاہر کیا ہے کہ انڈیا AI امپیکٹ سمٹ، اِس سلسلے میں ایک اہم موڑ ثابت ہوئی ہے کہ دنیا، AI کی طاقت کومستقبل میں کس طرح استعمال کرتی ہے۔آکاشوانی پر اپنے، 'من کی بات' پروگرام میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے خاص طور پر کہا کہ کئی ملکوں کے رہنما، سرکردہ صنعتکار، اختراع کار اور اسٹارٹ اَپس شعبے سے وابستہ لوگ، AI امپیکٹ سمٹ کیلئے نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں یکجا ہوئے۔

**S/B MKB Exhibition**

وزیر اعظم نے کہا کہ سمٹ میں، دنیا نے AI کے میدان میں بھارت کی حیرت انگیز صلاحیتوں کو دیکھا۔اِس مدت کے دوران بھارت نے بھی ملک میں ہی تیار کئے گئے تین AI ماڈلز کا آغاز کیا۔ جناب مودی نے سمٹ کی تعریف کی کہ یہ AI سے متعلق ابھی تک کی سب سے بڑی سمٹ ہے۔ انھوں نے سبھی شہریوں کو، اِس سمٹ کی کامیابی پر مبارکباد دی۔

**S/B 1400 MKB Make in India**

ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ کے بارے میں جناب مودی نے اظہارِ خیال کیا کہ بہت سے بھارت نژاد کھلاڑی، اِس چمپئن شپ میں حصہ لے رہے ہیں۔'من کی بات' کے اِس نشریے میں وزیر اعظم مودی نے کیرالہ کی ایک چھوٹی بچی Aalim Sherin Abraham کے بارے میں اظہار خیال کیا، جس کی محض 10مہینے میں جان چلی گئی تھی۔ انھوں نے Aalim کے والد اَرُن اَبراہم اور والدہ Sherin کی تعریف کی کہ انھوں نے Aalim کے

جسمانی اعضا کا عطیہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔کل راشٹرپتی بھون میں راجا جی اُتسو منایا جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِس موقع پر، سی–راجا گوپالاچاری کا مجسمہ نصب کیا جائے گا، جو آزاد بھارت کے پہلے بھارتی گورنر–جنرل تھے۔ یہ مجسمہ راشٹرپتی بھون کے وسطی احاطے میں، برطانوی معمار Edwin Lutyens کے مجسّمے کی جگہ نصب کیا جائے گا۔وزیر اعظم نے ڈیجیٹل Arrest اور ڈیجیٹل دھوکہ دہی کے بارے میں کہا کہ ’من کی بات‘ پروگرام میں اِس موضوع پر اظہارِ خیال کئے جانے کے بعد، اس سلسلے میں سماج میں کافی بیداری آئی ہے۔

وزیر اعظم نے کیرالہ کے تریسور ضلع میں ایک گاؤں کے بارے میں بھی اظہارِ خیال کیا جہاں ایک ہی کھیت میں چاول کی 570 قسمیں اُگائی گئیں۔ اِن میں مقامی قسمیں، جڑی بوٹیاں اور یہاں تک کہ دیگر ملکوں سے درآمد کی گئی قسمیں بھی شامل ہیں۔ جناب مودی نے اِسے بیجوں کی وراثت کو تحفظ دینے کی ایک بڑی مہم قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی کسانوں کی محنت کا نتیجہ، اعداد وشمار سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ آج بھارت، چاول کی پیداوار والا دنیا کا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے۔ایگزام واریئرس کے موضوع پر وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ طلبا، اپنے امتحانات کی تیاری، پورے دِل و جان سے کر رہے ہیں اور وہ کسی طرح کے دباؤ میں نہیں ہیں۔ انھوں نے طلبا کو یاد کرایا کہ اُن کی قدر، اُن کی مارک شیٹ سے طے نہیں ہوتی۔جناب مودی نے ہر ایک کو رمضان کے مقدس مہینے کی نیک خواہشات پیش کیں۔ انھوں نے عوام کو آئندہ ہولی کے تہوار کی بھی مبارکباد دی۔x

## India AI Impact Summit Declaration

AI امپیکٹ سمٹ سے متعلق نئی دلّی اعلانیہ کی نواسی ملکوں اور بین الاقوامی تنظیموں نے توثیق کی ہے۔ اِسے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 میں منظور کیا گیا ہے۔ اس سے معاشی ترقی اور سماجی بہبود کیلئے، AI کی راہ ہموار کرنے کے بارے میں ایک وسیع عالمی اتفاق رائے کی عکاسی ہوتی ہے۔ اِن ملکوں میں آسٹریلیا، فرانس، جرمنی، سوئٹزرلینڈ، برازیل، متحدہ عرب امارات، کنیڈا، اسرائیل، برطانیہ، چین، جاپان، امریکہ، روس، سعودی عرب، سنگاپور اور بنگلہ دیش شامل ہیں۔سمٹ میں دنیا بھر کے بہت سے ملکوں نے شرکت کی، جو جمعہ کو نئی دلّی میں مکمل ہوگئی۔

“ Sarvajan Sukhaya،Sarvajan Hitaya” کے اصول سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اعلانیے میں اِس بات پر زور دیا گیا کہ AI کے فائدے مساویانہ طور پر تمام لوگوں تک پہنچنے چاہئیں۔x

## Mumbai Jitendra AI

سائنس وٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت AI کے صحیح استعمال سے بھارت کے زرعی شعبے کو، معیشت میں 70 ہزار کروڑ روپئے تک کا تعاون دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ وہ ممبئی میں AI for Agri 2026 کے افتتاحی جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ پورے عالمی جنوب میں تقریباً 60 کروڑ لوگ، زراعت پر منحصر ہیں اور اُنھیں آب وہوا میں تبدیلی، ماحولیاتی ابتری اور صحت کے مسائل جیسے گہرے چیلنجوں کا سامنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، کسانوں کو کم وقت اور کم لاگت میں زیادہ فصل حاصل کرنے میں مدد کرکے، ایک یکسر تبدیلی لانے والا رول ادا کرسکتی ہے۔x

## J&K Terrorist

جموں وکشمیر میں کشتواڑ ضلع میں سکیورٹی فورسز کی ایک مشترکہ کارروائی کے دوران تین دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ آپریشن Trashi-1 کے تحت کی گئی یہ کارروائی علاقے میں تین پاکستانی دہشت گردوں کی موجودگی کے بارے میں مخصوص خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کی گئی تھی۔ اِن دہشت گردوں نے، جو ایک پہاڑی علاقے کے کوّ مکان کے اندر چھپے ہوئے تھے، فوجیوں پر فائرنگ شروع کردی، جس کے نتیجے میں Chatroo Belt میں Passerkut کے جنرل علاقے میں شدید گولی باری ہوئی، جس کے بعد فوج کی 11 راشٹریہ رائفل، جموں وکشمیر پولیس اور CRPF سمیت سکیورٹی فورسز کی مشترکہ ٹیموں نے تلاشی کی کارروائی شروع کی اور اِس سے پہلے دہشت گردوں کے ساتھ رابطہ قائم کیا گیا۔
انھوں نے مشکل علاقے میں صبح تقریباً گیارہ بجے دہشت گردوں سے دوبارہ رابطہ بھی قائم کیا تھا، تاہم کوئی نتیجہ نہ ملنے کے بعد جھڑپ شروع ہوگئی جس میں تین دہشت گرد مارے گئے۔ دہشت گردوں کی شناخت اور وہ کس گروپ سے جڑے ہوئے ہیں اس کے بارے میں پتہ لگایا جارہاہے۔ سکیورٹی فورسز نے جھڑپ کے مقام سے دو AK-47رائفلیں اور ہتھیاروں کا ذخیرہ برآمد کیا ہے۔x

## Delhi Police ISI Module

دلّی پولیس نے ایک دہشت گرد گروپ کا پردہ فاش کیا ہے، جس کا تعلق مبینہ طور پر پاکستان کی دہشت گرد تنظیم لشکر طیبہ سے تھا۔ پولیس نے اِس تنظیم کے سرغنہ کو بھی گرفتار کیا ہے، جو بنگلہ دیش سے اپنی سرگرمیاں انجام دیتا تھا۔آج نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پولیس کے ایڈیشنل کمشنر پرمود کمار کُشواہا نے بتایا کہ کولکاتہ اور تمل ناڈو میں مربوط کارروائیوں کے دوران، آٹھ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ اِن میں سے 7 بنگلہ دیشی شہری ہیں اور ایک بھارتی شہری ہے جس کا تعلق مغربی بنگال سے ہے۔

S/B Pramod Kumar Kushwaha

دلّی پولیس نے بتایا کہ اِس مہینے کے شروع میں قومی راجدھانی میں کشمیری گیٹ میٹرو اسٹیشن پر کچھ ملک مخالف پوسٹرس دیکھے گئے تھے، جس کے نتیجے میں تحقیقات شروع کی گئی۔x

## Pune Delhi Speaker

دلّی اسمبلی کے اسپیکر وجیندر گپتا نے ایک قومی قانون ساز اشاریے کی تجویز پیش کی ہے تاکہ ملک بھر میں ریاستی قانون ساز اسمبلیوں کی کارکردگی کا شفاف طریقے سے جائزہ لینے کے عمل کو یقینی بنایا جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ اِس طرح کے اشاریے سے عوام کے سامنے جوابدہی میں اضافہ ہوگا اور اِس سے ٹھوس نتائج پر مبنی اندازہ لگانے میں بھی مدد ملے گی۔وہ پندرھویں انڈین اسٹوڈینٹ پارلیمنٹ کے افتتاح کے موقع پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے اظہارِ خیال کر رہے تھے، جس کا اہتمام پُنے میں مشترکہ طور پر MIT ورلڈ پیس یونیورسٹی اور MIT اسکول آف گورنمنٹ نے کیا تھا۔x

**CAIT Holi Trade**

تاجروں کی کُل ہند فیڈریشن CAIT کے سکریٹری– جنرل اور BJP کے ممبر پارلیمنٹ پروین کھنڈیلوال نے کہا ہے کہ اِس سال امید ہے کہ ملک میں ہولی کے تہوار کے دوران، تجارت 80ہزار کروڑ روپئے سے تجاوز کر جائے گی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس رقم سے پتہ چلتا ہے کہ یہ پچھلے سال کی 60ہزار کروڑ روپئے کی تخمینہ تجارت کے مقابلے تقریباً 25فیصد زیادہ ہے۔ جناب کھنڈیلوال نے خاص طور پر کہا کہ ''ووکل فار لوکل''، بھارت میں تیار کی گئی مصنوعات کو فروغ دینے کی وزیر اعظم نریندر مودی کی اپیل کی وجہ سے اِس تہوار میں تجارت میں اِس اضافے کی امید ہے۔x

**Womens Asia Cup Rising Stars**

خواتین کرکٹ میں انڈیا A نے بینکاک میں بنگلہ دیش کو 46رن سے ہرا کر خواتین کا ایشیا کپ رائزنگ اسٹارس 2026جیت لیا ہے۔ انڈیا A نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20اوورس میں 7وکٹ پر 135 رن بنائے، جواب میں بنگلہ دیش کی پوری ٹیم 19اوورس اور ایک گیند میں 88رن پر آؤٹ ہوگئی۔x

**T20 WC Cricket**

مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج شام احمد آباد میں جنوبی افریقہ نے سپُر–آٹھ میں بھارت کے سامنے جیت کیلئے 188رن کا نشانہ رکھا ہے۔اب سے تھوڑی دیر پہلے تک بھارت نے 5اوورز میں 3 وکٹ پر 29رن بنا لئے تھے۔اِس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے جنوبی افریقہ نے مقررہ 20اوورز میں 7 وکٹ کے نقصان پر 187رن بنائے تھے۔ David Miller نے سب سے زیادہ 35 گیندوں میں 63رن، جبکہ Tristan Stubbs نے 24 گیندوں میں 44رن بنائے۔ x

**IMD Weather**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اڈیشہ، مشرقی مدھیہ پردیش، ودربھ، چھتیس گڑھ اور انڈومان ونکوبار جزائر میں کَل بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ آسام، میگھالیہ، مغربی بنگال اور تلنگانہ میں آئندہ دو روز تک اسی طرح کی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں اگلے دو روز کے دوران الگ الگ مقامات پر بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆